لوگوں کو معلوم ہو جائیگا کہ یہ ساری افواہیں بالکل بے بنیاد ہیں۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ اگر یہ بات نہ بھی ہو تب بھی واقعہ بجائے خود ناقابلِ اعتراض ہے۔ کیا کسی شخص کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اگر وہ اپنی آنکھوں سے رسول خدا کی بے حرمتی ہوتے دیکھے، اور وہ بھی ایسی سخت بے حرمتی، تو وہ ایسے آدمی کو قتل کر دے؟ اپنی ماں، یا بہن یا بیوی کے ساتھ ایسا فعل ہوتے دیکھنا بھی دنیا میں ایک معقول وجہ اشتعال مانا جاتا ہے، کجا کہ پیغمبر خدا کے بستر پر ایسا معاملہ دیکھا جائے۔ تاہم جس شخص کو اس پر اعتراض ہو اس سے پوچھیے کہ اگر اس کی بیوی کے متعلق ایسی ایک گھناونی خبر اسے پہنچے تو اس کا ردعمل کیا ہوگا؟

"طلوع اسلام"

سوال۔ ابھی ابھی ایک پرچہ "طلوع اسلام" نظر سے گذرا۔ یہ پرچہ قریب قریب اُن مضامین پر مشتمل ہے جن میں آپکی کتاب "مرتد کی سزا اسلامی قانون میں" کی قرآن کے رو سے تردید کی گئی ہے۔ پرچے کے جملے ایسے ہیں جیسے برسوں کی چھپی ہوئی دشمنی کا بدلہ نکال رہے ہوں۔

اس پرچے کے آخر میں یعنی آخری صفحہ پر مفتی محمد شفیع کے ایک تازہ فتوے کی جسے مولانا سید سلیمان ندوی کی تائید حاصل ہے تردید بھی کی گئی ہے۔

ہماری سمجھ میں یہ نہ آسکا کہ آخر کس ہستی کو یہ لوگ مستند خیال کرتے ہیں۔

اس سلسلے میں ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آئندہ ماہ کے "ترجمان القرآن" میں آپ اس کا جواب لکھ رہے ہیں یا نہیں؟ اگر کسی دوسرے پرچے میں اس کا جواب لکھ رہے ہوں تو ہمیں آگاہ کر دیں تاکہ جو لوگ اس پرچے (طلوع اسلام) کو پڑھ کر آپ کی طرف سے بددل ہو گئے ہیں ان کا ازالہ کر دیا جائے۔

جواب۔ ہمیں تعجب ہے کہ "طلوع اسلام" کے تازہ ارشادات پر آپ نے ہمیں توجہ دلانے کی ضرورت کیوں محسوس فرمائی۔ یہ لوگ تو مسلسل دس سال سے ہم پر ایسی ہی عنایات کی بارش کئے جا رہے ہیں، اور کراچی سے نیا "طلوع اسلام" شروع ہونے کے بعد تو شاید کوئی مہینہ ایسا نہیں گزرا ہے جس میں موسلا دھار بارش نہ ہوئی ہو۔ پھر اس موقع پر کیا خاص بات ایسی پیش آ گئی کہ آپ نے ہم سے ان کے جواب کی فرمائش کرنا ضروری سمجھا؟ کیا آپ کو یہ معلوم نہیں ہے کہ ترجمان القرآن کے صفحات میں آجتک ہم نے کبھی ان حضرات کو مخاطب نہیں کیا ہے؟

ہم توقع رکھتے تھے کہ اُن کے حملوں پر ہمارے توجہ نہ کرنے کی وجہ ہر معقول آدمی، جو طلوعِ اسلام اور ترجمان القرآن، دونوں کو پڑھتا ہے، خود سمجھ لے گا۔ لیکن آپ کے اِس خط سے محسوس ہُوا کہ شاید بعض لوگوں کے لئے اس سلسلہ میں ہماری طرف سے کچھ تصریح کی ضرورت بھی ہے۔ لہٰذا یہاں دو اصولی باتیں عرض کی جاتی ہیں جن سے آپکو نہ صرف طلوعِ اسلام کے معاملہ میں، بلکہ اُن بہت سے دوسرے لوگوں کے معاملہ میں بھی ہمارے سکوت کی وجہ معلوم ہو جائے گی جو اخبارات، رسائل اور پمفلٹوں میں ہم پر آئے دن حملے کرتے رہتے ہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ جو لوگ کسی شخص کی عبارات کو توڑ مروڑ کر، اور ان کے ساتھ کچھ اپنی من گھڑت باتیں ملا کر، پہلے اسکی ایک غلط پوزیشن بناتے ہیں اور پھر خود اپنی ہی بنائی ہوئی اُس پوزیشن پر حملہ کرتے ہیں، اُن کی اس حرکت سے صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ وہ تین قسم کی کمزوریوں میں مبتلا ہیں۔ ایک یہ کہ وہ اخلاق و ذہن کے اعتبار سے نامرد ہیں۔ ان میں یہ جرأت نہیں ہے کہ آدمی کی اصلی پوزیشن پر حملہ کر سکیں، اس لئے پہلے وہ اس کی ایک ایسی کمزور پوزیشن بنانے کی کوشش کرتے ہیں جس پر حملہ کرنا آسان ہو، پھر بہادروں کی سی شان کے ساتھ اس پر دھاوا بول دیتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ بے حیا ہیں۔ انہیں اس کی کچھ پروا نہیں ہے کہ جن لوگوں کو اُس شخص کی اصلی پوزیشن معلوم ہے وہ ان کی اس کاریگری کے متعلق کیا رائے قائم کرینگے۔ ان کی نگاہ میں بس یہ کامیابی کافی ہے کہ کچھ ناواقف لوگوں کو وہ غلط فہمی میں مبتلا کر دیں۔ تیسرے یہ کہ وہ خدا کے خوف اور آخرت کی جوابدہی کے احساس سے بالکل فارغ ہیں۔ ان کے لئے جو کچھ ہے بس پبلک ہے جسے دھوکا دیکر اگر وہ اپنا کام نکال لے گئے تو گویا انہیں فلاح حاصل ہو گئی۔ اوپر کوئی عالم الغیب اگر جانتا ہے کہ انہوں نے کن افترا پردازیوں سے اپنا کام نکالا ہے، تو جانا کرے۔ یہ نامردی، اور یہ بے حیائی، اور یہ ناخدا ترسی جن لوگوں کے طرزِ عمل میں صاف جھلک رہی ہو، ان کو اپنا مدِّ مقابل بنانے کے لئے ہم کسی طرح تیار نہیں ہیں۔ وہ اگر اپنی ساری عمر بھی ہم پر حملے کرنے میں کھپا دیں تو شوق سے کھپاتے رہیں، ہم کبھی اُن کا جواب دینگے۔

دوسری بات یہ ہے کہ قومی مسائل ہوں یا علمی مسائل، ان میں اگر آدمیت اور معقولیت کے ساتھ گفتگو کی جائے تو دلیل کا جواب دلیل ہی سے دیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کے مباحثے مفید و نتیجہ خیز بھی ہوتے ہیں اور دلچسپ بھی۔ ان میں، ہم احقاقِ حق اور افہام و تفہیم کے لئے بھی حصہ لینے کے لئے تیار ہیں اور طلبِ علم اور طلبِ حق کے لئے بھی۔ ہمیں اپنی ہی بات منوانے پر اصرار نہیں، دوسرے کی بات معقول و مدلّل ہو تو ہم کھلے دل سے اس کو مان لیں گے۔ مگر جو لوگ دلیل سے کم اور گالی سے زیادہ کام لیں، جو زبان کھولتے ہی پہلے آدمی کی عزّت پر حملہ کریں، جن کی تقریر کا اصل مدعا آدمی کو بدنیت اور